# نیکیوں کے بینک

# میں

# سرمایہ کاری کا طریقہ



مؤلفہ: ڈاکٹر عدلی عبدالرؤف الغزالی

# نیکیوں کے بینک

میں



# سرمایہ کاری کا طریقہ

ح عدلي عبد الرؤوف الغزالي ، ١٤٣٩ هـ

فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر
الغزالي ، عدلي عبد الرؤوف احمد
دليل الاستثمار في بنك الحسنات. ( أوردو ). / عدلي
عبد الرؤوف احمد الغزالي. ط ١. الخبر ، ١٤٣٩ هـ
٦٤ ص ؛ ٨ × ١٢ سم
ردمك : ٧ - ٥٩٨٤ - ٠٢ - ٦٠٣ - ٩٧٨
١. الفضائل الاسلامية ٢. الاخلاق الاسلامية أ. العنوان
ديوي ٢١٢،٢ ١٤٣٩/٢٤٧١

رقم الإيداع : ١٤٣٩/٢٤٧١
ردمك : ٧ - ٥٩٨٤ - ٠٢ - ٦٠٣ - ٩٧٨

E-mail: adlyghazali@gmail.com

# مقدمہ

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، ہم اسی کی تعریف کرتے ہیں، اسی سے مدد چاہتے ہیں، اسی سے مغفرت طلب کرتے ہیں، اپنے نفس کے شر اور اپنے اعمال کی برائیوں سے اسی کی پناہ مانگتے ہیں، اللہ تعالی جسے ہدایت دے دے اسے کوئی گمراہ نہیں کرسکتا، اور وہ جسے ہدایت نہ دے اسے کوئی بھی ہدایت نہیں دے سکتا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

اللہ پاک کا ارشاد ہے: ترجمہ: اے ایمان والو اللہ سے اتنا ڈرو جتنا اس سے ڈرنا چاہئے اور دیکھو مرتے دم تک مسلمان ہی رہنا (آل عمران:۱۰۲)، دوسری جگہ فرماتا ہے: ترجمہ: اے لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو، جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا، اور اسی سے اس کی بیوی کو پیدا کر کے ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلا دیں، اس اللہ سے ڈرو جس کے نام پر ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور رشتے ناطے توڑنے سے بھی بچو، بے شک اللہ تعالی تم پر نگہبان ہے (نساء:۱)، ایک دوسری جگہ فرماتا ہے: ترجمہ: اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سیدھی سیدھی (سچی) باتیں کیا کرو، تاکہ اللہ تعالی تمہارے کام سنوار دے اور تمہارے گناہ معاف فرما دے، اور جو بھی اللہ اور اس کے رسول کی تابعداری کرے گا اس نے بڑی مراد پالی۔ (احزاب:۷۰-۷۱)

سب سے سچی کتاب اللہ پاک کی کتاب ہے، اور سب سے بہترین ہدایت کے راستے محمد ﷺ کے بتائے ہوئے ہدایت کے راستے ہیں، دین کے اندر ہر نئی چیز بدعت ہے، اور ہر بدعت گمراہی، اور ہر گمراہی جہنم کا پیش خیمہ ہے۔

دینی بھائیو اور بہنو،

دنیا ایک خوبصورت تجارتی محل ہے، اس کی اس تجارتی صفت کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے سرمایہ کاری کے بارے میں بعض ایسی معلومات فراہم کرنے کوشش کی ہے جس کا تعلق نیکیوں کے بینک سے ہے- اس میں بہت تھوڑے سے سرمایہ سے زبردست فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے، دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک بلکہ اس سے بھی زیادہ-

یہ ایک خاص قسم کی سرمایہ کاری ہے جس میں ہر کوئی حصہ لے سکتا ہے بشرطیکہ وہ مسلم ہو اور نماز کی پابندی کرتا ہو- ہر کوئی جو مسلم ہے وہ نیکیوں کے اس بینک میں سرمایہ کاری کا ایک ممبر ہے، البتہ اور اگر وہ نمازی نہیں ہے تو اس بینک کے کھاتہ میں اس کی کوئی جمع پونجی نہیں بچے گی-

پیارے بھائیو

اس میں کوئی شک نہیں کہ تجارت کرنے کے لئے عقل و ذہانت کی ضرورت پڑتی ہے جو کہ اکثر لوگوں اور دنیاوی تاجروں کے پاس موجود ہوتی ہے،، لیکن کیوں نہ ہم اپنی اس ذہانت کو اللہ کے ساتھ تجارت کرنے میں لگائیں اور نیکیوں کے بینک میں اپنا حساب کتاب بڑھائیں- اللہ پاک نے ہمیں سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع فراہم کر رکھے ہیں، جن میں سے بعض مواقع ایسے ہیں جن سے ایک خاص وقت کے اندر فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے جبکہ بعض دوسرے مواقع اور اوقات ایسے ہیں کہ اگر وہ ہاتھ سے نکل گئے تو اس کے فائدے کم ہو جاتے ہیں اور اس میں وہ شخص بازی مار لے جاتا ہے جو اس کو غنیمت جان کر اس سے فائدہ اٹھا لیتا ہے-

یہ بینک ،یعنی نیکیوں کا بینک ، ہمیشہ ، دن رات بغیر توقف کے کام کرتا رہتا ہے ،بس ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اس کا ہمیشہ جائزہ لیتے رہیں اور روزانہ بلکہ ہر وقت اس میں کچھ نہ کچھ جمع کرتے رہیں - اس بینک میں موجود جمع پونجی کے مطابق ہمارا مقام و مرتبہ جنت میں متعین ہوگا -

اس کتابچہ میں میں نے بلا ترتیب وتبویب کچھ صحیح احادیث جمع کی ہیں جن کا تعلق ان اعمال سے ہے جنکے ذریعہ نیکیوں کے بینک میں ہمارے حساب و کتاب میں اضافہ ہوگا - اس میں اس بات کی بھی کوشش کی ہے کہ وقت کی تحدید کردوں کہ ان میں ہر ایک کام کو کرنے میں کتنا وقت لگے گا تا کہ معلوم ہو جائے کہ ان میں سے بعض کام بہت آسان ہیں اور جنہیں کرنے میں بہت معمولی وقت صرف ہوگا ، بس ہمت اور ارادے کی ضرورت پڑے گی - یہ حدیثیں ایسی ہیں جن پر ہم اپنے تمام دنیوی معاملات میں عمل در آمد کر سکتے ہیں - ہماری زندگی اللہ پاک کے ساتھ ایک تجارت ہے - نیک نیتی کے ذریعہ ہر ایک عمل سے نیکیوں کے بینک کے حساب وکتاب میں اضافہ کیا جا سکتا ہے -

اللہ پاک سے دعا ہے کہ میری یہ کوشش خالص اسکی خوشنودی کے لئے ہو،

وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين

ڈاکٹر عدلی عبدالرؤوف الغزالی

## ۱- صبح کی نماز کے بعد تسبیح پڑھنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| تین مرتبہ( سبحان الله و بحمده عدد خلقه ورضا نفسه وزنة عرشه ومداد كلماته) کہنا | ایک منٹ سے بھی کم | لمبی مدت تک اللہ کا ذکر کرنے والوں کے برابر کا ثواب |

ام المومنین جویریہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ صبح کی نماز کے بعد ان کے پاس سے نکلے، اور وہ اپنی نماز کی جگہ میں تھیں، پھر آپ صلے اللہ علیہ وسلم چاشت کے وقت لوٹے تو دیکھا کہ وہ وہیں بیٹھی ہوئی ہیں، آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب سے میں نے تمہیں چھوڑا تم اسی حال میں رہیں؟ جویریہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ ہاں، آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تمہارے بعد چار کلمے تین بار کہے، اگر وہ اس کے ساتھ وزن کئے جائیں جو تم نے اب تک پڑھا ہے، تو البتہ وہی بھاری پڑیں گے، وہ کلمے یہ ہیں کہ (میں اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں اس کی خوبیوں کے ساتھ، اس کی مخلوقات کے شمار کے برابر اور اس کی رضامندی اور خوشی کے برابر اور اس کے عرش کے تول کے برابر اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ (مسلم)

## ۲- قرآن کی تلاوت

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| قرآن کا ایک حرف یا اس کی ایک آیت پڑھنا | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | ہر حرف کے بدلے ایک نیکی، مثال کے طور پر سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ ناس کے کل حروف ۱۹۵ ہوتے ہیں، ان کے پڑھنے سے ۱۹۵۰ نیکیاں ملیں گی |

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے قرآن مجید میں سے ایک حرف پڑھا اسے اس کے بدلے ایک نیکی دی جائیگی، اور ہر نیکی کا ثواب دس گنا ہے، میں نہیں کہتا کہ (الم) ایک حرف ہے، بلکہ الف ایک حرف ہے لام ایک حرف ہے اور میم بھی ایک حرف ہے۔ (ترمذی نے روایت کیا اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

اللہ تعالی فرماتا ہے: (اور جو کوئی اللہ کے حضور) نیکی لے کر آئے گا اس کو ویسی دس نیکیاں ملیں گی، اور جو برائی لائے گا اسے سزا ویسی ہی ملے گی اور ان پر ظلم نہیں کیا جائیگا)۔ (انعام:۱۶۰)

## ۳- چھپکلی یا گرگٹ مارنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| پہلے وار میں چھپکلی یا گرگٹ مارنا | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | ۱۰۰ نیکیاں |

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: جس نے چھپکلی (گرگٹ) کو پہلی ضرب سے مارا اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں، اور دوسری میں اس سے کم اور تیسری میں اس سے بھی کم، ایک دوسری روایت میں ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: پہلی ضرب سے مارنے میں ستر نیکیاں ہیں۔

# ۴- صدقہ

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| کچھ صدقہ کرنا (مثلاً ریال) | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | ہر ایک ریال صدقہ کے بدلہ میں ۷۰۰ نیکیاں |

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:(مثل الذین ینفقون اموالهم فی سبیل الله کمثل حبة انبتت سبع سنابل فی کل سنبلة مائة حبة والله یضاعف لمن یشاء والله واسع علیم)،(بقرۃ:۲۶۱)، ترجمہ: جولوگ اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان (مال کی) کی مثال اس دانے کی سی ہے جس سے سات بالیں اگیں اور ہر ایک بال میں سو سو دانے ہوں اور اللہ جس (کے مال) کو چاہتا ہے زیادہ کرتا ہے، وہ بڑی کشائش والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

دوسری جگہ فرماتا ہے(ان تقرضوا الله قرضا حسنا یضاعفه لکم ویغفر لکم والله شکور حلیم)،(تغابن:۱۷)،ترجمہ: اگر تم اللہ کو اچھا قرض دو گے (یعنی اس کی راہ میں خرچ کروگے) تو وہ اسے تمہارے لئے بڑھاتا جائے گا، اور تمہارے گناہ بھی معاف کردے گا، اللہ بڑا قدردان اور بڑا بردبار ہے۔ (تغابن:۱۷)

## ۵- مومنوں کے لئے استغفار

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| مومن مرد اور مومن عورتوں کے لئے دعائے مغفرت | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | کروڑوں نیکیاں |

حضرت عبادہ بن صامتؓ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جس نے مومن مرد اور مومن عورتوں کے لئے مغفرت کی دعا کی اللہ پاک ہر ایک مومن مرد اور ہر ایک مومن عورت کے حق میں دعا کے بدلے ایک ایک نیکی عطا فرمائے گا۔ (طبرانی اور البانی نے اسے حسن کہا ہے)

حضرت نوح علیہ السلام اس آیۃ کریمہ میں یوں دعا گو ہیں (رب اغفر لی ولوالدی ولمن دخل بیتی مومنا وللمومنین والمومنات) ترجمہ: اے میرے پروردگار تو مجھے اور میرے ماں باپ اور جو ایمان کی حالت میں میرے گھر آئے اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کو بخش دے اور کافروں کو سوائے بربادی کے اور کسی بات میں نہ بڑھا۔ (نوح:۲۸)

## ۶ - راستے سے تکلیف دینے والی چیز کو ہٹانا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| تکلیف دہ درخت کو راستے سے ہٹانا | ایک گھنٹہ یا اس سے بھی کم | جنت میں جگہ |

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : میں نے ایک ایسے آدمی کو جنت میں دیکھا جس نے راستے میں سے ایک ایسے درخت کو کاٹ دیا تھا جس کی وجہ سے لوگوں کو تکلیف ہوتی تھی۔ (مسلم)

## ۷ - ملاقات اور مصافحہ کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| مسلمان بھائی سے ملنا اور اس سے مصافحہ کرنا | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | ایک دوسرے سے الگ ہونے سے پہلے مغفرت |

براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب دو مسلمان آپس میں ملاقات کے وقت مصافحہ کرتے ہیں تو اللہ تعالی انہیں جدا ہونے سے پہلے بخش دیتا ہے۔ (ترمذی اور ابوداود نے روایت کیا اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

## ۸- وضو کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے وضو کی طرح وضو کرنا پھر اخلاص کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھنا | چند منٹ | پچھلے گناہ کی معافی |

حضرت حمرانؓ سے روایت ہے، جو کہ عثمان بن عفانؓ، کے آزاد کردہ غلام تھے، انہوں نے کہا کہ عثمان بن عفانؓ کو دیکھا کہ انہوں نے وضو کا پانی منگوایا اور وضو کیا تو پہلے دونوں ہاتھ کلائیوں تک تین بار دھوئے، پھر کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا، پھر تین بار منہ دھویا، پھر کہنے تک دونوں ہاتھ تین بار دھویا پھر سر کا مسح کیا پھر ٹخنوں تک دونوں پاؤں تین بار دھویا، پھر فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص میرے وضو کی طرح وضو کرے پھر دو رکعتیں پڑھے اور ان (کے پڑھنے) میں اور کسی خیال میں غرق نہ ہو تو اس کے پچھلے گناہ بخش دئے جائیں گے- دوسری روایت میں ہے کہ اس نماز اور آنے والی نماز کے درمیان ہونے والے اس کے گناہ بخش دئے جائیں گے۔ (بخاری، مسلم)

## ۹- سبحان اللہ وبحمدہ

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| سو مرتبہ (سبحان الله و بحمده) کہنا | دو منٹ | گناہوں کی مغفرت |

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ( سبحان الله و بحمده ) ایک دن میں سو بار کہے تو اس کے سارے گناہ معاف کر دئے جاتے ہیں، اگرچہ گناہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔ (بخاری)

ارشاد باری تعالیٰ ہے (والذاكرين الله كثيرا والذاكرات اعد الله لهم مغفرة واجرا عظيما)، ترجمہ: بکثرت اللہ کا ذکر کرنے والے اور ذکر کرنے والیاں ان (سب) کے لئے اللہ تعالیٰ نے (وسیع) مغفرت اور بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے۔

(احزاب:۳۵)

## ۱۰- سوتے وقت

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| سونے سے پہلے درجہ ذیل دعاء پڑھنا | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | گناہوں کی مغفرت |

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص سونے سے پہلے یہ کہے (لا اله الا الله، وحده لاشريك له، له الملك، وله الحمد، وهو على كل شئى قدير، لاحول ولاقوة الا بالله ، سبحان الله، والحمد لله، ولا اله الا الله، والله اكبر) ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہت اسی کی ہے، اور تمام تعریفیں اسی کے لئے ہیں، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، (گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی) طاقت وقوت صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے، اللہ کی ذات پاک ہے، اور تمام تعریفیں اسی کے لئے ہیں، اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے، اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں (یا یہ فرمایا کہ اس کی غلطیاں معاف کر دی جاتی ہیں خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (نسائی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

# ۱۱ - استغفر اللہ کہنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| تین مرتبہ ( استغفر الله الذی لا اله الا هو الحی القیوم و اتوب الیه ) کہنا | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | مغفرت |

حضرت بلال بن یسار بن زید حضور پاک ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت زیدؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص (ابن مسعود کی روایت میں ہے کہ تین مرتبہ) ( استغفر الله العظیم الذی لا اله الا هو الحی القیوم و اتوب الیه )، کہے تو اس کے گناہ بخش دیے جائیں گے اگر چہ اس نے کفار کے مقابلہ سے بھاگنے کا گناہ عظیم کا ارتکاب ہی کیوں نہ کیا ہو۔ (ابوداود اور ترمذی نے روایت کیا ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

# ۱۲- پنج وقتہ نماز

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| پانچ وقت کی نماز پابندی سے پڑھنا | تقریباً ایک گھنٹہ | گناہوں کا مٹ جانا |

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دیکھو اگر کسی کے دروازے پر ایک نہر بہتی ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو کیا اس کے بدن پر میل باقی رہ جائے گی؟ عرض کیا گیا نہیں بالکل نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا اسی طرح پانچوں نمازوں کی بھی مثال ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ (بخاری اور مسلم)

# ۱۳-سبحان اللہ الحمدللہ اور اللہ اکبر کا ورد کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| سبحان الله، الحمد لله، الله اكبر ایک ایک مرتبہ اور ایک بار لااله الا الله وحده لاشريك له ، له الملك وله الحمد وهو علے كل شئى قدير، کہنا | دو منٹ | گناہوں کی مغفرت |

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہر نماز کے بعد سبحان اللہ ۳۳ بار، الحمدللہ ۳۳ بار، اللہ اکبر ۳۳ بار کہے تو یہ ننا وے کلمے ہونگے اور پوری سو یوں کرے کہ ایک بار یوں پڑھے (لا اله الا الله وحده لا شريك له، له الملك وله الحمد وهو علے كل شئى قدير) ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اس کی سلطنت ہے اور اسی کے لئے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، تو اس کے گناہ بخشے جاتے ہیں اگرچہ دریا کے جھاگ کے برابر (یعنی بیحد) ہوں۔ (مسلم)

## ۱۴- سبحان اللہ وبحمدہ کہنا

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| قیامت کے دن نیکیوں کا پلڑا بھاری کریگا | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | سبحان الله وبحمده ، سبحان الله العظيم کہنا |

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں (قیامت کے دن)، میزان میں بھاری ہونگے اور وہ اللہ کو بہت پسند ہیں، وہ یہ ہیں (سبحان الله العظيم،سبحان الله وبحمده)۔(بخاری اور مسلم)

اللہ پاک کا ارشاد ہے:(فاما من ثقلت موازينه فهو فى عيشة راضية) ترجمہ: پھر جس کے پلڑے بھاری ہونگے وہ تو دل پسند آرام کی زندگی میں ہوگا۔(القارعۃ:٦-٧)

ایک روایت میں ہے کہ (سبحان الله وبحمده و سبحان الله العظيم)

## ۱۵- الحمدللہ کہنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| الحمد لله کہنا | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | قیامت کے دن ترازو کا بھرنا |

ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طہارت آدھے ایمان کے برابر ہے اور الحمد لله ترازو کو بھر دیگا، (یعنی اس قدر اس کا ثواب عظیم ہے کہ اعمال تولنے کا ترازو اس کے اجر سے بھر جائیگا) اور سبحان الله اور الحمد لله دونوں آسمانوں اور زمین کے بیچ کی جگہ کو بھر دیں گے، اور نماز نور ہے اور صدقہ دلیل ہے اور صبر روشنی ہے اور قرآن تیرے لئے دلیل ہوگا یا تیرے خلاف دلیل ہوگا، (اگر قرآن پر عمل ہوگا تو دلیل بن جائیگا ورنہ وبال بن جائیگا)، ہر ایک آدمی (بھلا ہو یا برا) صبح کو اٹھتا ہے تو اپنے آپ کو (نیک کام کر کے عذاب سے) آزاد کرتا ہے، یا (برے کام کر کے) اپنے آپ کو تباہ کرتا ہے۔

## ۱۶- بھائی کی عزت وآبرو کا دفاع کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| بھائی کی عدم موجودگی میں اس کی طرف سے دفاع کرنا | ایک یا چند منٹ | جہنم کی آگ سے آزادی |

حضرت اسماء بنت یزیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے بھائی کی عدم موجودگی میں اس کی طرف سے اس چیز کو دور کرے جس سے اسے تکلیف ہو اللہ پاک اسے دوزخ کی آگ سے نجات دیدیتا ہے- ایک دوسری روایت میں ہے کہ جو شخص اپنے بھائی کی عزت سے اس چیز کو دور کرے گا جو اسے عیب دار کرتی ہے اللہ تعالی قیامت کے دن اس کے چہرے سے دوزخ کی آگ دور کر دے گا-

حضرت اسماء کہتی ہیں کہ اور رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی (و کان حقا علینا نصر المومنین) ترجمہ: مومنوں کی مدد کرنا ہمارا فرض تھا، (بیہقی، احمد، طبرانی اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

## ۱۷- نفلی روزہ

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| اللہ کی راہ میں ایک روز روزہ رکھنا | فجر سے مغرب تک | چہرہ سے جہنم کی آگ ستر سال کی مسافت تک دور کردی جائے گی |

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو کہتے سنا ہے کہ جو شخص اللہ کی راہ میں ایک دن روزہ رکھتا ہے اللہ پاک جہنم کی آگ کو اس کے چہرے سے ستر سال کی مسافت تک دور کردیتا ہے۔ (بخاری اور مسلم)

## ۱۸ - لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| (لاحول ولاقوۃ الا باللہ) کہنا | تین سکنڈ | جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ |

حضرت ابوموسی اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں ایسا کلمہ نہ بتاؤں جو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے یا یہ فرمایا کہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کے بارے میں نہ بتاؤں، تو میں نے کہا، کیوں نہیں، تو آپ ﷺ نے فرمایا (لاحول ولاقوۃ الا باللہ) (مسلم)

## ۱۹- تکبیر تحریمہ کے ساتھ باجماعت نماز پڑھنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| چالیس دن تک تکبیر تحریمہ شروع ہونے سے پہلے مسجد میں جا کر جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا | نماز شروع ہونے سے چند منٹ پہلے | جہنم کی آگ سے نجات اور نفاق سے براءت |

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے چالیس دن تک تکبیر اولی کے ساتھ باجماعت نماز پڑھی اس کی دو چیزوں سے نجات لکھ دی جاتی ہے، جہنم سے نجات اور نفاق سے نجات۔ (ترمذی کی روایت ہے اور البانی اسے حسن کہا ہے)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (فمن زحزح عن النار وادخل الجنة فقد فاز وما الحياة الدنيا الا متاع الغرور) ترجمہ: پس جو شخص آگ سے ہٹا دیا جائے اور جنت میں داخل کر دیا جائے بے شک وہ کامیاب ہو گیا، اور دنیا کی زندگی تو صرف دھوکے کی جنس ہے۔ (آل عمران:۱۸۵)

## ۲۰ - درود شریف

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| نبی کریم ﷺ پر ایک مرتبہ درود بھیجنا | ایک منٹ سے بھی کم | اللہ پاک کی طرف سے دس درود، دس غلطیاں معاف اور دس درجے بلند |

حضرت انس بن مالک ؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص میرے اوپر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالی اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجے گا اور دس گناہ معاف ہونگے اور دس درجات اس کے بلند ہونگے۔ (نسائی کی روایت ہے اور البانی اسے صحیح کہا ہے)

ارشاد باری ہے (ان اللہ و ملائکتہ یصلون علے النبی یایھا الذین آمنوا صلوا علیہ و سلموا تسلیما)، ترجمہ: اللہ اور اس کے فرشتے اس نبی پر رحمت بھیجتے ہیں، اے ایمان والو تم (بھی) ان پر درود بھیجو اور خوب سلام (بھی) بھیجتے رہا کرو۔ (احزاب:۵۶)

# ۲۱ - آیۃ الکرسی

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| ہرنماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنا | ہرنماز کے بعد ایک منٹ | جنت میں داخلہ |
| حضرت امامہؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشادفرمایا: جوشخص ہرفرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا اس کو جنت میں داخل ہونے سے صرف موت روکتی ہے۔(نسائی اورطبرانی کی روایت ہے اورالبانی نے اسے صحیح کہا ہے) | | |

## ۲۲ - رضیت باللہ ربا

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| اس کے لئے جنت کا واجب ہونا | ایک منٹ سے بھی کم | (رضیت بالله ربا و بالاسلام دینا و بمحمد صلے الله علیه و سلم نبی)ا کہنا |
| حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے (رضیت بالله ربا و بالاسلام دینا و بمحمد ﷺ رسولا ) ترجمہ: میں اللہ کے پروردگار رہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہوں) اس کے لئے جنت واجب ہوگئی (یعنی وہ جنتی ہے)۔ (ابوداود کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے) | | |

# ۲۳ - سب سے بہتر استغفار

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| دن اور رات میں سید الاستغفار پڑھنا | ایک منٹ دن میں اور ایک منٹ رات میں | جنتی ہونے کا حکم |

حضرت شداد بن اوسؓ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ سید الاستغفار یہ ہے کہ تو کہے (اللهم انت ربی، لا اله الا انت، خلقتنی وانا عبدك، وانا علے عهدك ما استطعت، اعوذبك من شر ما صنعت، ابوء لك بنعمتك علی، وابوء بذنبی، فاغفرلی، فانه لا يغفر الذنوب الا انت)،
ترجمہ: اے میری اللہ تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے ہی مجھے پیدا کیا، اور تیرا ہی میں بندہ ہوں، اور میں تیرے عہد اور تیرے وعدہ پر ہوں جتنا ممکن ہے، جو کچھ میں نے کیا اس کی برائی سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں اور ان نعمتوں کا میں اقرار کرتا ہوں جو تو نے مجھ پر کی ہیں، اور اپنے گناہ کا اقرار کرتا ہوں، مجھے بخش دے، تیرے سوا گناہوں کا بخشنے والا کوئی نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے یہ کلمات صدق دل سے کہے اور شام ہونے سے پہلے اسی دن مرگیا تو وہ جنتی ہے، اور جس نے یہ کلمات صدق دل سے رات میں کہے اور صبح ہونے سے پہلے وہ مر جائے جنتی ہے۔ (بخاری)

## ۲۴ - مسجد بنانا

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| جنت میں گھر | حسب ضرورت | تعمیر مسجد یا اس میں حصہ داری |

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ کے لئے مسجد بنائے گا، اگرچہ وہ قطاۃ (چھوٹی سی چڑیا) کے گھونسلے کے برابر ہی کیوں نہ ہو، اللہ تعالی جنت میں اس کے لئے ایک گھر بنائے گا۔ (ابن ماجہ کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

# ۲۵ - قل ہواللہ احد

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| جنت میں محل | ایک یا دو منٹ | دس مرتبہ (قل هو الله احد) پڑھنا |

حضرت معاذ بن انس جہنیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو دس مرتبہ قل ہواللہ احد آخر تک (یعنی پوری سورہ اخلاص) پڑھتا ہے اللہ پاک اس کے لئے جنت میں محل بنا دیتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے کہا تب تو میں اور زیادہ مرتبہ کہوں گا اے اللہ کے رسول، تو اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا اللہ سب سے زیادہ اور سب سے اچھا دینے والا ہے۔ (احمد کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

# ۲۶ - بارہ رکعت نماز پڑھنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| دن اور رات میں بارہ رکعتیں پڑھنا | تقریباً آدھ گھنٹہ | جنت میں گھر |

حضرت ام حبیبہؓ روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص دن رات میں بارہ رکعتیں ادا کرے اس کے لئے جنت میں ایک گھر بنایا جائے گا، چار رکعتیں ظہر سے پہلے اور دو ظہر کے بعد، اور دو مغرب کے بعد اور دو رکعتیں عشاء کے بعد اور دو رکعتیں فجر کی نماز سے پہلے۔ (ترمذی کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

## ۲۷ - اچھی بات کرنا اور کھانا کھلانا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| اچھی بات کرنا، کھانا کھلانا اور رات کو نماز پڑھنا | چند منٹ یا چند گھنٹے | جنت میں کمرے |

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایسے بالا خانے ہیں جن کے بیرونی حصے اندر سے اور اندر کے حصے باہر سے نظر آتے ہونگے - پوچھا گیا کہ اے اللہ کے رسول یہ کس کے لئے ہونگے، تو آپ ﷺ نے فرمایا: جو اچھی گفتگو کرے، کھانا کھلائے اور رات کو نماز پڑھے جب کہ لوگ سوئے ہوئے ہوں۔ (احمد، بیہقی کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (والذین آمنوا وعملوا لصالحات لنبوئنهم من الجنة غرفا تجری من تحتها الانهار خلدین فيها نعم اجر العاملين) ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے انہیں ہم یقیناً جنت کے ان بالا خانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے چشمے بہہ رہے ہیں، جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے، کام کرنے والوں کا کیا ہی اچھا اجر ہے۔ (عنکبوت: ۵۸)

# ۲۸ - میت کی تجہیز و تکفین

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| چالیس مرتبہ مغفرت اور سندس اور استبرق کا جنت میں لباس | ایک گھنٹہ | مسلم میت کو غسل دینا اور کفن پہنانا |

حضرت ابورافعؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو کوئی مسلم مردہ کو غسل دیتا ہے اور اس کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ پاک اس کی چالیس مرتبہ مغفرت کرتا ہے، اور جو اس کے لئے قبر کھود کر اس میں اس کو دفن کرتا ہے اسے قیامت تک اس جیسا اجر ملتا ہے جیسے کسی نے اسے رہنے کی جگہ مہیا کی ہو، اور جو اسے کفن پہناتا ہے اللہ پاک اسے قیامت کے دن جنت میں سندس اور استبرق (باریک اور موٹے ریشمی کپڑے) پہنائیں گے۔ (حاکم، بیہقی اور طبرانی کی روایت ہے اور البانی اسے حسن کہا ہے)۔

اللہ تعالی فرماتا ہے (عاليهم ثياب سندس خضر و استبرق و حلوا اساور من فضة و سقاهم ربهم شرابا طهورا) ترجمہ: ان کے جسموں پر سبز باریک اور موٹے ریشمی کپڑے ہونگے، اور انہیں چاندی کے کنگن کا زیور پہنایا جائے گا، اور انہیں ان کا رب پاک صاف شراب پلائے گا۔ (الانسان: ۲۱)

## ۲۹ - سبحان اللہ وبحمدہ

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| (سبحان و بحمده) کہنا | تین سکنڈ | جنت میں کھجور کا درخت |

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص (سبحان الله العظيم و بحمده) کہتا ہے اس کے لئے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔ (ترمذی کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (فسبح بحمد ربك و كن من الساجدين) ترجمہ: آپ اپنے پروردگار کی تسبیح اور حمد بیان کرتے رہیں اور سجدہ کرنے والوں میں شامل ہو جائیں۔ (الحجر: ۹۸)

دوسری جگہ ارشاد فرماتا ہے (فسبح باسم ربك العظيم) ترجمہ: پس تو اپنے رب عظیم کی پاکی بیان کر۔ (الحاقۃ: ۵۲)

# ۳۰ - غصہ پر قابو رکھنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| غصہ پر قابو رکھنا | کچھ لمحے یا منٹ | حوروں سے شادی |

حضرت معاذ بن انس جہنیؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے غصہ پر قابو رکھا حالانکہ وہ اسے نافذ کرنے پر قادر تھا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے ساری مخلوقات کے سامنے بلائیں گے اور اسے اختیار دیں گے جو حور وہ چاہیں پسند کر لیں اور ان سے انکی شادی کر دیں گے۔ (ابوداود، ترمذی اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

ارشاد باری ہے (كذلك وزوجناهم بحور عين) ترجمہ: یہ اسی طرح ہے، اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ان کا نکاح کر دیں گے۔ (دخان:۵۴)

# ۳۱ - والدین کے لئے استغفار

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| والدین کے لئے مغفرت طلب کرنا | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | جنت میں والد یا والدہ کا درجہ بلند ہونا |

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: جنت میں مرد کا درجہ بلند کر دیا جاتا ہے تو وہ عرض کرتا ہے کہ یہ کیسے ہوا؟ (میرے عمل تو اتنے نہ تھے) ارشاد ہوتا ہے کہ تمہاری اولاد کے تمہارے حق میں استغفار کے سبب۔ (احمد، ابن ماجہ، بیہقی کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

علامہ سندی سنن ابن ماجہ کی شرح میں کہتے ہیں کہ: (باستغفار ولدك) ای فینبغی للولد ان یستغفر للوالدین) ترجمہ: ایسا آپ کے لئے آپ کے بیٹے کے استغفار کی وجہ سے ہوگا اسی لئے لڑکے کو والدین کے لئے مغفرت طلب کرنی چاہئے۔

(رب اغفر لی ولوالدی ، رب ارحمهما كما ربيانی صغيرا) ترجمہ: اے میرے رب میری اور میرے والدین کی مغفرت فرما، ان کے ساتھ رحم کا معاملہ فرما جیسا کہ انہوں نے میرے لئے بچپن میں کیا

## ۳۲ - وضو کے بعد کی دعا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| اچھی طرح وضو کرنا پھر نیچے مذکور دعا پڑھنا | تین منٹ | جنت کے آٹھوں دروازوں کا کھول دیا جانا اور ہر ایک میں داخل ہونے کا اختیار |
| عمر بن خطابؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر کہے: ( اشهد ان لا اله الا الله وحده لاشريك له، واشهد ان محمدا عبده ورسوله، اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين) (ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں، اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں اور طہارت حاصل کرنے والوں میں سے بنادے) تو اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دئے جاتے ہیں جس دروازے سے چاہے داخل ہو۔ (احمد اور ترمذی کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے) | | |

## ۳۳ - فجر کے بعد طلوع آفتاب تک مسجد میں بیٹھے رہنا

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| پورے ایک حج اور عمرہ کا ثواب | ڈیڑھ گھنٹہ تقریبا | فجر کی نماز باجماعت پڑھ کر طلوع آفتاب تک مسجد میں بیٹھے رہنا پھر طلوع آفتاب کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا |

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص فجر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھنے کے بعد بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرتا ہے یہاں تک کہ سورج نکل آئے پھر دو رکعت پڑھے، اس کے لئے ایک حج اور ایک عمرے کا ثواب ہے، حضرت انس فرماتے ہیں کہ پھر آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا پورا پورا پورا۔ (ترمذی کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

## ۳۴- فرض نماز کے لئے چل کر مسجد کو جانا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کے لئے چل کر مسجد جانا | چند منٹ | ایک حج کا ثواب یا گناہوں کی مغفرت |

حضرت ابوامامہ باہلیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسجد میں جماعت کے ساتھ فرض نماز پڑھنے کے لئے پیدل چل کر جانا حج کرنے کی طرح ہے اور نفل نماز پڑھنے لئے چل کر جانا عمرہ کرنے کی طرح ہے۔ (طبرانی کی روایت ہے اور البانی نے اسے حسن کہا ہے)

حضرت عثمان بن عفانؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ ﷺ فرماتے تھے کہ جو شخص نماز کے لئے پورا وضو کرے، پھر فرض نماز کے لئے (مسجد کو) چلے اور لوگوں کے ساتھ یا جماعت سے یا مسجد میں نماز پڑھے، اللہ تعالےٰ اس کے گناہ بخش دے گا۔ (مسلم)

اللہ پاک کا ارشاد ہے (انا لانضیع اجر من احسن عملا) ترجمہ: ہم کسی نیک عمل کرنے والے کا ثواب ضائع نہیں کرتے۔ (کہف:۳۰)

# ۳۵- جمعہ کا دن

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| جمعہ کے دن غسل کرنا اور سویرے چل کر مسجد جا کر امام کے قریب تر ہونا اور لغو (بیکار کام) نہ کرنا | چند گھنٹے | ہر ایک قدم پر ایک سال تک روزہ رکھنے اور قیام کرنے کا ثواب |

حضرت اوس بن اوس ثقفیؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو کہتے سنا کہ جس نے جمعہ کے دن غسل کروایا اور غسل کیا اور سواری پر نہیں بلکہ پیدل چل کر جلدی مسجد کو گیا اور امام سے قریب ہو کر خطبہ سنا اور اس دوران لغو نہیں کیا، تو اس کو ہر ہر قدم پر ایک سال تک روزے رکھنے اور تہجد پڑھنے کا اجر دیا جاتا ہے۔ (ترمذی، ابوداود، نسائی اور ابن ماجہ کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے جمعہ کے دن غسل کیا جس طرح جنابت سے غسل کیا جاتا ہے، اور اول وقت مسجد گیا، گویا اس نے اونٹ کی قربانی پیش کی، پھر جو شخص دوسری گھڑی میں گیا، گویا اس نے گائے کی قربانی پیش کی، جو تیسری گھڑی میں گیا گویا اس نے سینگ والے مینڈھے کی قربانی پیش کی، پھر جو چوتھی گھڑی میں گیا وہ ایسے ہے جیسے اس نے اللہ کی راہ میں مرغی ذبح کی، اور جو پانچویں گھڑی میں گیا وہ اس طرح ہے جیسے کہ اس نے اللہ کی راہ میں ایک انڈا خرچ کیا، اور جب امام خطبہ پڑھنے کے لئے آجاتا ہے تو فرشتے خطبہ سننے میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ (متفق علیہ)

شیخ ابن عثیمین فرماتے ہیں کہ یہ طلوع شمس سے شروع ہوتا ہے، ایک قول ہے کہ طلوع فجر سے شروع ہوتا ہے لیکن پہلا قول صحیح ہے اس لئے کہ طلوع فجر سے پہلے فجر کا وقت ہوتا ہے۔

## ۳۶- لا الہ الا اللہ کہنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| (لا اله الا الله وحده لاشريك له ، له الملك وله الحمد وهو علے كل شئی قدیر) سومرتبہ پڑھنا | دس منٹ سے کم | دس غلام آزاد کرنے کا ثواب، ۱۰۰ نیکیاں، ۱۰۰ گناہ معاف اور پورے دن شیطان سے حفاظت |

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص (لا اله الا الله وحده لاشريك له ، له الملك وله الحمد وهو علے كل شئی قدیر)، روزانہ سومرتبہ پڑھے گا اسے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب دیا جائے گا اور اس کے لئے سونیکیاں لکھ دی جائیں گی اور اس کے سوگناہ معاف کردیئے جائیں گے، اور یہ اس کے لئے اس روز شام تک شیطان سے پناہ کا کام دے گا اور قیامت کے دن اس سے اچھے اعمال صرف وہی شخص پیش کرسکے گا جو اس کو اس سے زیادہ پڑھتا رہا ہوگا۔
(بخاری اور مسلم)

## ۳۷ - طواف اور اس کے بعد دو رکعت نماز

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| کعبہ کا طواف کرنا پھر دو رکعت نماز پڑھنا | چند منٹ | ایک گردن آزاد کرنے کے برابر |

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ: جو بیت اللہ کا طواف کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اس کا یہ عمل ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ہوگا۔ (ترمذی اور ابن ماجہ کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

## ۳۸- کھانے کے بعد اللہ کا شکر ادا کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| کھانے یا پینے کے بعد اللہ کا شکر ادا کرنا | ایک منٹ سے بھی کم | اللہ پاک کی رضا |

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالی اس بندے پر خوش ہوتا ہے جو کچھ کھائے تو اس پر اللہ کا شکر ادا کرے یا جو کچھ پیئے اس پر اللہ کا شکر ادا کرے۔ (مسلم)

## ۳۹ - صلہ رحمی کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| صلہ رحمی کرنا (رشتہ داروں کی زیارت کرنا، ان کی خوشی اور غم میں شریک ہونا، انکی مدد کرنا، ان کو ہدیہ دینا، ان کے لئے دعا کرنا) وغیرہ | چند منٹ یا چند گھنٹے | رزق میں کشادگی اور نیک نامی |

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ جس شخص کو یہ پسند ہو کہ اس کی روزی بڑھے اور اس کی عمر دراز ہو تو اپنے ناطے کو ملائے، (یعنی رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرے)۔ (بخاری اور مسلم)

# ۴۰ - اچھے اخلاق

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| لوگوں کے ساتھ معاملات میں اچھے اخلاق سے پیش آنا | چند منٹ یا چند گھنٹے | لوگوں کے ساتھ معاملات میں اچھے اخلاق سے پیش آنا |

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مومن آدمی اپنے اعلیٰ اخلاق سے سارے دن کے روزہ دار اور ساری رات کے تہجد گذار کا درجہ حاصل کر لیتا ہے۔ (احمد اور ابوداود کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

## ۴۱ - اچھے اخلاق

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| اچھا اخلاق | ہمیشہ | قیامت کے دن آپ ﷺ کی محبت اور نزدیکی |

حضرت جابر بن عبداللہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن میرے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ محبوب اور قریب بیٹھنے والے لوگ وہ ہیں جو بہترین اخلاق والے ہیں اور سب سے زیادہ ناپسندیدہ اور دور رہنے والے لوگ وہ ہیں جو زیادہ باتیں کرنے والے، بلا سوچے سمجھے اور بلا احتیاط بولنے والے اور تکبر کرنے والے ہیں، صحابہ کرام ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ بہت باتونی اور زبان دراز کا تو ہمیں علم ہے (متفیہقون) کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا تکبر کرنے والے۔ (ترمذی کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

ترمزی فرماتے ہیں کہ (متشدق) گفتگو کے ذریعہ لوگوں پر فخر کرنے والا ہے، (الثرثار) بہت کلام کرنے والا۔

## ۴۲ - مسلمان کی عیادت

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| ستر ہزار فرشتوں کی دعائے مغفرت | چند منٹ | مریض کی عیادت کرنا |

حضرت علی بن ابی طالبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ جب کوئی مسلمان کسی مسلمان کی صبح کے وقت عیادت کرتا ہے تو ستر ہزار فرشتے شام تک اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں اور اگر شام کو عیادت کرتا ہے تو صبح تک اور اس کے لئے جنت میں ایک باغ ہوگا۔ (ترمذی نے روایت کیا اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

# ۴۳ - پس پشت دعا کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| پس پشت مسلمان کے لئے دعا مانگنا | ایک منٹ یا اس سے بھی کم | اس کے حق میں دعا کے لئے فرشتے کی تقرری |

حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اپنے بھائی کے لئے اس کے پس پشت دعا کی تو اس کے سر کے پاس موجود فرشتہ آمین کہتا ہے اور کہتا ہے کہ تیرے لئے بھی اسی کے مثل ہو۔ (مسلم)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (والذین جاؤوا من بعدھم یقولون ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین امنوا ربنا انك رؤوف رحیم)، ترجمہ: اور (ان کے لئے) جو ان کے بعد آئیں جو کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں اور ایمانداروں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (اور دشمنی) نہ ڈال، اے ہمارے رب بیشک تو شفقت و مہربانی کرنے والا ہے۔ (حشر:۱۰)

## ۴۴ - روزہ دار کو افطار کرانا اور غازی کو سامان جنگ مہیا کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| رزوہ دار کو روزہ افطار کرانا یا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کو جنگ کا ساز و سامان فراہم کرنا | چند منٹ | روزہ دار یا مجاہد کا ثواب سو فیصد |

زید بن خالد جہنیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرایا اس کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا جتنا روزہ دار کو اور روزہ دار کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی، اور جو شخص اللہ کی راہ میں جانے والے غازی کو سامان مہیا کرے گا یا اس کے اہل و عیال (بطور نائب) حفاظت کی اس کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا جتنا غازی کو اور غازی کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی۔ (احمد اور ترمذی نے روایت کیا اور البانی کہتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے)

# ۴۵- شہادت کی طلب

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| سچے دل سے اللہ پاک سے شہادت کی طلب | ایک منٹ سے بھی کم | بستر مرگ پر مرنے کے باوجود جنت میں شہیدوں کے برابر کا درجہ |

سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سچائی کے ساتھ شہادت مانگے گا تو اللہ تعالے اسکو شہیدوں کا درجہ دے گا اگرچہ وہ اپنے بچھونے پر ہی فوت ہو- (مسلم)

## ۴۶ - مسلمان بھائی کی مدد کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| دنیاوی پریشانی سے راحت دلانا، یا نادار کو مہلت دینا، یا مسلمان کی پردہ پوشی کرنا | چند منٹ یا چند گھنٹے | قیامت کے دن پریشانی سے راحت، اور دنیاوآخرت میں آسانی اور اللہ پاک کی طرف سے پردہ پوشی |

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مومن پر سے کوئی دنیا کی سختی دور کرے تو اللہ تعالے اس پر سے آخرت کی سختیوں میں سے ایک سختی دور کرے گا، اور جو شخص مفلس کو مہلت دے (یعنی اس پر اپنے قرض کا تقاضا اور سختی نہ کرے) تو اللہ تعالی اس پر دنیاوآخرت میں آسانی کرے گا، اور جو شخص دنیا میں کسی مسلمان کا عیب ڈھانپے گا تو اللہ تعالے دنیاوآخرت میں اس کا عیب ڈھانپے گا، اور اللہ تعالے اس وقت تک اپنے بندے کی مدد میں رہے گا جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں رہے گا،،، (مسلم)

## ۴۷- نماز جنازہ

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| مسلمان کی نماز جنازہ پڑھنا اور اس کو دفن کرنے کے لئے جانا | کچھ منٹ | ایک قیراط یا دو قیراط |

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص نماز جنازہ پڑھے اور اس کے پیچھے نہ چلے اس کے لئے ایک قیراط ثواب، اور جو اس کے پیچھے پیچھے بھی گیا تو اس کے لئے دو قیراط ثواب ہے، آپ ﷺ سے پوچھا گیا دو قیراط کیا ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا ان دونوں میں سے چھوٹا قیراط احد پہاڑ کے برابر ہے۔ (بخاری اور مسلم)

## ۴۸- ایک دوسرے سے محبت کرنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| مسلمان سے اللہ کے لئے محبت کرنا | ہمیشہ | اللہ پاک کے عرش کے سایہ میں جگہ ملے گی |

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ (قیامت کے دن) فرمائے گا کہاں ہیں آپس میں محبت کرنے والے، میرے جلال کی قسم آج کے دن میں ان کو اپنے عرش کے سایہ میں رکھوں گا جس دن میری سایہ کے علاوہ اور کوئی سایہ نہ ہوگا۔ (مسلم)

## ۴۹ - لوگوں کو تعلیم دینا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| لوگوں کو بھلائی کا راستہ دکھلانا | غیر محدد | جب تک وہ تعلیم دیتا رہے اللہ، فرشتوں، چیونٹیوں اور مچھلیوں کا اس کے لئے دعا کرنا |

حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ پاک اور اس کے فرشتے، حتی کہ بلوں کے اندر چیونٹیاں، حتی کہ سمندر کے اندر مچھلیاں، بھلائی کی تعلیم دینے والوں کے لئے دعا کرتے ہیں۔ (طبرانی کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی کریم ﷺ سے سواری مانگنے کے لئے آیا لیکن آپ ﷺ کے پاس سواری نہیں تھی، آپ ﷺ نے اسے دوسرے کسی شخص کے پاس بھیج دیا جس نے اسے سواری دے دی، تو وہ دوبارہ آپ ﷺ کی خدمت میں یہ بتانے کے لئے حاضر ہوا، آپ ﷺ نے فرمایا خیر کا راستہ بتانے والا اس پر عمل کرنے والے ہی کی طرح ہے۔ (ترمذی کی روایت ہے اور البانی اسے صحیح کہا ہے)

## ۵۰- سنت حسنہ

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| بھلائی کا راستہ ایجاد کرنا | چند منٹ یا چند گھنٹے | قیامت تک اس سنت پر عمل کرنے والے کا ثواب |

جریر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ کچھ اعراب رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، ان کی بدحالی کو دیکھ کر رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو صدقہ جمع کرنے پر اکسایا لیکن لوگوں نے کوئی سرگرمی نہیں دکھائی جس کی وجہ سے آپ ﷺ کے چہرے پر ناگواری کے آثار نظر آنے لگے، اتنے میں ایک انصاری صحابی ایک تھیلی لائے پھر دوسرا اور پھر تیسرا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے چہرہ مبارک پر خوشی کے آثار صاف نظر آنے لگے، پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس کسی نے اسلام میں کسی اچھے کام کی ابتداء کی تو اس کو اس کا بھی ثواب ملتا رہے گا جو اس پر عمل کرے گا بغیر اس کے کہ اس پر عمل کرنے والے کا ثواب کچھ کم ہو، اور جس کسی نے اسلام میں غلط طریقہ کی ابتداء کی تو اس کو اس پر عمل کرنے والے کا گناہ بھی ملے گا بغیر اس کے کہ اس پر عمل کرنے والے کا گناہ کم ہو۔ (مسلم)

## ۵۱- رات کا آخری تہائی حصہ

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| رات کے آخری تہائی حصے میں دعاء واستغفار کرنا | چند منٹ | دعاء کی قبولیت، ضرورت کا پورا ہونا اور گناہوں کی مغفرت |

حضرت ابو ہریرۃؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اول دو تہائی رات گزر جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ ہر رات کو آسمان دنیا کی طرف اترتا اور فرماتا ہے، کون ہے جو مجھ سے دعاء کرے کہ میں قبول کروں، کون ہے جو مجھ سے مانگے کہ میں اسے عطا کروں، کون ہے جو مجھ سے مغفرت مانگے کہ میں اسے بخش دوں-(بخاری و مسلم)

# ۵۲- چاشت کی نماز

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| چاشت کے وقت دو رکعت نفل نماز پڑھنا | پانچ یا دس منٹ | جسم کی ہڈیوں کے ایک ایک جوڑ کا صدقہ |

حضرت ابوذرؓ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب آدمی پر صبح ہوتی ہے تو اس کے ہر جوڑ پر ایک صدقہ واجب ہوتا ہے، پھر ایک مرتبہ سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے، ایک مرتبہ الحمدللہ کہنا صدقہ ہے، اور ایک مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھنا صدقہ ہے، اور ایک مرتبہ اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے، اور اچھی بات کا حکم کرنا صدقہ ہے، اور بری بات سے روکنا صدقہ ہے، اور چاشت کی دو رکعت نماز پڑھ لینا ان تمام امور سے کفایت کر جاتا ہے۔ (مسلم اور بخاری)

## ۵۳- سورۃ الملک

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| سورۃ الملک (تبارك الذی بیده الملك) پڑھنا | پانچ منٹ | گناہوں کے معاف ہونے تک شفاعت |
| حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قرآن میں تیس آیتوں والی ایک سورہ ہے جس نے ایک شخص کی شفاعت کی یہاں تک کہ اسے بخش دیا گیا، وہ ہے (تبارك الذیبیده الملك) یعنی سورہ ملک ہے۔ (ترمذی اور احمد کی روایت ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے) | | |

## ۵۴- چھ دن شوال کے روزے رکھنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| ماہ رمضان کے روزوں کے بعد ماہ شوال کے چھ روزے رکھنا | چھ دن | پورے سال روزے رکھنے کا ثواب |
| ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو رمضان کے روزے رکھے اور اس کے ساتھ شوال کے چھ روزے رکھے تو یہ سارا سال روزے رکھنے کے مثل ہے۔ (مسلم) | | |

## ۵۵- سبحان اللہ کہنا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| ۱۰۰ بار سبحان اللہ کہنا | ایک یا دو منٹ | ہزار نیکیاں یا ہزار گناہوں کی معافی |

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے کہ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی ہر روز ہزار نیکیاں کرنے سے عاجز ہے؟ آپ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھنے والوں میں سے ایک شخص نے کہا کہ ہم میں سے کوئی ہزار نیکیاں کس طرح کرے گا؟ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سو بار (سبحان اللہ) کہے تو ہزار نیکیاں اس کے لئے لکھی جائیں گی یا اس کے ہزار گناہ مٹائے جائیں گے۔ (مسلم)

# ۵۶ - رحم کرنا

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| اللہ پاک کی طرف سے رحمت | غیر محدد | مسلمان بھائیوں کے ساتھ رحم کرنا |

حضرت عبداللہ ابن عمروؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رحم کرنے والوں پر رحمٰن بھی رحم کرتا ہے، تم زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا، رحم بھی رحمٰن کی شاخ ہے، جس نے اس کو جوڑا اللہ بھی اس سے رشتہ جوڑ لیں گے اور جو اسے قطع کرے گا اللہ بھی اس سے قطع تعلق کر لیں گے۔ (ترمذی کی روایت ہے اور البانی اسے صحیح کہا ہے)

## ۵۷ - بسم الله الذی لایضره مع اسمه شئی

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| تین مرتبہ صبح وشام، (بسم الله الذی لایضر مع اسمه شئی فی الارض ولا فی السماء وهو السمیع العلیم)، کہنا | ایک منٹ سے بھی کم | ناگہانی بلاء سے حفاظت |

حضرت عثمان بن عفانؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے شام کو تین مرتبہ کہا (بسم الله الذی لایضر مع اسمه شئی فی الارض ولا فی السماء وهو السمیع العلیم) ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں کہ جس کے نام کی برکت سے زمین وآسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاسکتی اور وہ سننے والا جاننے والا ہے، اسے صبح تک کوئی ناگہانی مصیبت نہیں پہونچے گی، اور جس نے یہ کلمات صبح کو تین بار کہے تو شام تک اس کو کوئی ناگہانی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ (ابوداود نے روایت کیا ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

# ۵۸ - سورہ الکھف

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک نور | آدھا گھنٹہ یا اس سے بھی کم | جمعہ کے دن سورہ کہف کی تلاوت |

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن سورہ کہف کی تلاوت کرتا ہے اس کے لئے اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک کے لئے روشنی پیدا کر دی جاتی ہے۔ (حاکم اور بیہقی نے روایت کیا ہے اور ابن حجر نے اسے حسن اور البانی نے صحیح کہا ہے)

# ۵۹ - جھگڑا رکٹ حجتی اور جھوٹ

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
| --- | --- | --- |
| کٹھ حجتی اور جھوٹ کو چھوڑنا | غیر محدد | جنت میں گھر |

حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں جنت کے اطراف میں ایک گھر کا ضامن ہوں اس شخص کے لئے جو حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دے، اور اس شخص کے لئے جو مذاق و مزاح میں بھی جھوٹ بولنا چھوڑ دے جنت کے وسط میں ایک گھر کا ضامن ہوں، اور اس شخص کے لئے جو اعلیٰ اخلاق کا مالک ہو اعلیٰ جنت میں ایک مکان کی ضمانت دینے والا ہوں۔ (ابوداو نے روایت کیا ہے داور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

## ۶۰- اذان کے بعد کی دعا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| اذان کے بعد (اللھم رب ھذہ الدعوۃ التامۃ والصلاۃ القائمۃ آت محمد الوسیلۃ والفضیلۃ وابعثہ مقاما محمودا الذی وعدتہ) کہنا | ایک منٹ سے بھی کم | نبی کریم ﷺ کی شفاعت ملے گی |

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اذان سننے کے بعد کہا: اللھم رب ھذہ الدعوۃ التامۃ والصلاۃ القائمۃ آت محمدا الوسیلۃ والفضیلۃ وابعثہ مقاما محمودا الذی وعدتہ (ترجمہ: اے اللہ اس کامل دعا اور قائم ہونے والی نماز کے رب، محمد کو وسیلہ اور بزرگی عطاء فرما، اور ان کو مقام محمود عطا فرما، جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے، تو قیامت کے دن اس کے لئے بھی میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔ (بخاری)

## ٦١ - شب قدر

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| شب قدر میں ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے قیام کرنا | ایک رات کا قیام | پچھلے گناہوں کی معافی |

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص شب قدر میں ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے قیام کرے تو اس کے پچھلے گناہ بخش دئے جاتے ہیں، اور جس نے ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھا اس کے پچھلے گناہ بخش دئے جاتے ہیں (متفق علیہ)

## ٦٢ - قیام رمضان

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے رمضان میں قیام کرنا | تیس دن قیام کرنا | پچھلے گناہوں کی معافی |

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس آدمی نے ایمان کے ساتھ اور ثواب سمجھ کر رمضان کی رات کو قیام کیا تو اس کے سارے پچھلے گناہ معاف کردئے جائیں گے۔ (متفق علیہ)

# ۶۳- چار کلمے

| خالص منافع (نیکیاں) | مدت سرمایہ کاری | سرمایہ |
|---|---|---|
| سبحان اللہ کے بدلے بیس نیکیاں اور بیس خطا معاف، اور الحمد للہ رب العالمین کے بدلے تیس تیس | ایک منٹ سے بھی کم | سبحان اللہ، والحمد للہ، و لاالہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہنا |

حضرت ابو ہریرہؓ اور ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ پاک کو چار کلمے بہت پسند ہیں اور وہ ہیں: (سبحان اللہ والحمدللہ و لاالہ الا اللہ و اللہ اکبر) ترجمہ: اللہ پاک ہے، تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے- جو کوئی سبحان اللہ کہتا ہے اس کے نامہ اعمال میں بیس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور بیس برائیاں نکال دی جاتی ہیں، اسی طرح اللہ اکبر کہنے پر ہوتا ہے، اور جو کوئی لا الہ الا اللہ کہتا ہے اس کے ساتھ بھی یہی ہوتا ہے اور جو کوئی اپنی طرف سے الحمد للہ رب العالمین کہتا ہے اس کے لئے تیس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور تیس گناہ مٹا دئے جاتے ہیں۔ (احمد نے روایت کیا ہے اور البانی نے اسے صحیح کہا ہے)

## ٦٤ - اللہ کی رضا

| سرمایہ | مدت سرمایہ کاری | خالص منافع (نیکیاں) |
|---|---|---|
| والدین کو خوش رکھنا اور انہیں ناراض نہ کرنا | ہمیشہ، غیر محدود | اللہ پاک کی رضامندی |

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالے کی رضا والدین کی خوشی میں اور اللہ تعالے کا غصہ والدین کی ناراضگی میں ہے۔ (ترمذی نے روایت کیا ہے اور ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح کہا ہے اور البانی نے حسن)

ارشاد باری ہے(وقضی ربك الا تعبدوا الا ایه و بالوالدین احسانا اما یبلغن عندك الکبر احداهما او کلاهما فلا تقل لهما اف و لا تنهرهما وقل لهما قولا کریما واخفض لهما جناح الذل من الرحمة وقل رب ارحمهما کما ربیانی صغیرا)،

ترجمہ: اور تیرا پروردگار صاف صاف حکم دے چکا ہے کہ تم اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرنا اور ماں باپ کے ساتھ احسان کرنا، اگر تیری موجودگی میں ان میں سے ایک یا یہ دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کے آگے اف تک نہ کہنا، نہ انہیں ڈانٹ ڈپٹ کرنا بلکہ ان کے ساتھ ادب و احترام سے بات چیت کرنا، اور عاجزی اور محبت کے ساتھ ان کے سامنے تواضع کا بازو پست رکھے رکھنا اور دعا کرتے رہنا کہ اے میرے پروردگار ان پر ویسا ہی رحم کر جیسا انہوں نے میرے بچپن میں میری پرورش کی ہے۔ (اسراء:٢٣-٢٤)

# مؤلف کی دوسری کتابیں

- امام نووی کی کتاب (چالیس حدیثیں) کی شرح
- کس طرح قرآن سے متاثر ہوں اور اسے حفظ کریں
- قرآن حفظ کرنے کے فائدے
- کتاب وسنت کی روشنی میں حج اور عمرہ کا طریقہ اور دعائیں
- کتاب وسنت کی روشنی میں عمرہ کا طریقہ اور دعائیں
- حدیث کی اصطلاحات کا خلاصہ
- جنت اور دوزخ کے عجائب
- نیکیوں کے بینک میں سرمایہ کاری کا طریقہ
- صبح وشام کے صحیح اذکار ودعائیں
- قرآن حفظ کرنے کے طریقے اور فائدے (بچوں کے لئے)
- جنت کا وصف (بچوں کے لئے)
- اذکار (بچوں کے لئے)
- زمین اور سونے کا قصہ
- تلوین (بچوں کے لئے)
- انٹرٹینمنٹ اور گیم (بچوں کے لئے)
- اسلامی مسابقات (بچوں کے لئے)
- حدیث نبوی کا منہج (بچوں کے لئے دوجلدوں میں)
- مسلم بچوں کے اذکار کی فلم (کارٹون فلم سی ڈی)
- اذکار کے گیم اور مسابقات (سی ڈی)
- اذکار کی کلرنگ کی کاپی (بچوں کے لئے)

# نیکیوں کا بینک

- اس بینک میں جو سرمایہ لگایا جاتا ہے اس کا فائدہ دس گنا سے زیادہ سات سو گنا یا اس سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔
- یہ بینک ہمیشہ کام کرتا رہتا ہے۔
- بس اسے ہمیشہ ایکٹیو رکھنے اور دیکھتے رہنے کی ضرورت ہے۔
- اگر ہماری نیت صحیح ہو تو ہمارا کوئی بھی عمل اس اکاؤنٹ میں اضافہ کا سبب بن سکتا ہے۔

مفت تقسیم کے لئے درکار درجہ ذیل پر رابطہ کریں

adlyghazali@gmail.com

ردمك : ٩٧٨ - ٦٠٣ - ٠٢ - ٥٩٨٤ - ٧